© rasailojaraid.com

## (بقیہ مطبوعات)

**انتظار** تالیف جناب اسعد گیلانی - ناشر: آزاد بک ڈپو، بلاک نمبر ۲، سرگودھا ضخامت ۱۱۲ صفحات - قیمت ایک روپیہ

جناب اسعد گیلانی صاحب تحریک اسلامی کے صفِ اوّل کے کارکن اور صاحبِ دل ادیب ہیں - ان کی تحریروں کے مطالعہ سے انسان کے دل میں اپنے مقصد سے عشق اور گہری وابستگی پیدا ہوتی ہے اور وہ اس کے حصول کے لیے اپنے اندر ایک زبردست تڑپ پاتا ہے - زیرِ تبصرہ کتاب میں بھی فاضل مصنف کے "دل کی بیتابی" پوری طرح نمایاں ہے اور اس بے تابی کو وہ پڑھنے والوں کی طرف بھی منتقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں -

**انتظام کتب خانہ** تالیف: جناب شیخ محبوب قریشی - ناشر: محبوبیہ کارخانہ جلد سازی حیدرآباد کالونی ۱/۲ صفحات ۸۶ قیمت ایک روپیہ پچاس نئے پیسے -

اس مفید کتاب میں کتب خانہ کی ترتیب و تنظیم کے متعلق مفید اور فنی معلومات مہیا کی گئی ہیں - اس سے بڑے سے بڑے اور چھوٹے سے چھوٹے کتب خانے فائدہ اٹھا سکتے ہیں - نیز وہ لوگ جن کے ذاتی کتب خانوں میں کتابوں کا ذخیرہ ہو وہ بھی اُن کی ترتیب میں اس سے حسبِ خواہش رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں -

---

## ترجمان القرآن کا منصبِ رسالت نمبر

اس ضخیم نمبر کی چند کاپیاں دفتر میں باقی رہ گئی ہیں - ضرورت مند اصحاب فوری توجہ فرمائیں - قیمت فی پرچہ تین روپے ۵۰ پیسے - دو سے زائد پرچوں کی خریداری پر ۲۵ فیصد رعایت -

منیجر

© rasailojaraid.com